NYC Health + Hospitals کے
Pride Health سینٹر

LGBTQ+ افراد کے لیے صحت کی دیکھ بھال کا
محفوظ اور پذیرائی بیز ماحول

NYC
HEALTH+
HOSPITALS

صحت سے بھر پور زندگی جیئیں.

ہم اتحادی ہیں

نیویارک کے/کی مکین ہم جنس پرست خواتین، ہم جنس پرست مرد، دو جنسی، جنسی تبدیل کرنے والے، اور مخالف جنس کی طرف راغب نہ ہونے والے (+LGBTQ) کو با اختیار بنانے کا عزم NYC Health + Hospitals نے کر رکھا ہے **تاکہ وہ ممکنہ حد تک صحت مند ترین زندگی بسر کر سکیں۔** صحت کا ہمارا نظام پذیرائی بیز ماحول میں اثر پذیر، ہمدردانہ اور با احترام دیکھ بھال فراہم کرتا ہے۔ بامعنی رسائی کی یقین دہانی کے لیے ہمارے پاس مریض کو مرکزی اہمیت دینے والا طریقہ کار ہے، چاہے وہ کوئی بھی زبان بولتے ہوں یا ان کی اس ملک میں موجودگی کی کیفیت (امیگریشن سٹیٹس) کچھ بھی ہو۔ زبانی ترجمے کی خدمات بھی دستیاب ہیں۔

اتحادی کے طور پر، ہم شہری حقوق اور +LGBTQ کے صحت کے برابر حقوق کی حمایت کرتے ہیں۔ ہمارے مراکز میں تمام +LGBTQ مریضوں اور ان کے کے اہلِ خانہ کو کھلم کھلا ملاقات کرنے کے لیے آنے کے حقوق ہیں– اور ہمارے ہاں جنسی میلان، صنفی شناخت یا صنفی اظہار کی بنیاد پر امتیازی سلوک کو بالکل بھی برداشت نہیں کیا جاتا۔

آپ کی ضرورت کے عین مطابق بنائی گئی صحت کی دیکھ بھال

ہم اس بات کو سمجھتے ہیں کہ +LGBTQ سماجوں کے ایک رکن کی صورت میں آپ کی صحت کی دیکھ بھال کی ضروریات اور خدشات خصوصی نوعیت کے ہیں۔ آپ کے جنس کا احترام کرتے ہوئے، صحت کی دیکھ بھال حاصل کرنے کے لیے نیویارک میں مقیم +LGBTQ کے لیے ہمارے Pride Health مراکز اہم جگہیں ہیں۔ **ان مراکز میں فراہم کنندگان نے جامع تربیت حاصل کی ہے** تاکہ وہ ثقافتی طور پر اثر پذیر دیکھ بھال فراہم کر پائیں۔ آپ کی صحت کی ضروریات کو پورا کرنے اور محفوظ اور پذیرائی بیز ماحول میں آپ کے تمام سوالات کے جوابات دینے کے لیے ہمارا مطبی عملہ حاضر ہے۔

ہماری خدمات:

- بنیادی دیکھ بھال، جس میں حفاظتی ٹیکے، ہارمون معالجہ اور جراحی کے لیے سفارشات شامل ہیں۔
- رویوں کی صحت کی خدمات اور حوالہ جات
- انفیکشن کے کارگر ہونے سے قبل کی ادویات (Pre-exposure prophylaxis, PrEP)
- انفیکشن کے کارگر ہونے کے بعد کی ادویات (Post-exposure prophylaxis, PEP)
- ایچ آئی وی کی جانچ اور علاج معالجہ
- جنسی طور پر منتقل ہونے والی بیماریوں (Sexually transmitted infection, STI) کی جانچ اور علاج معالجہ
- بیمہ کرنے کے لیے کھوج تلاش اور اندراج
- Jacobi اور Judson کے اداروں میں آغازِ بلوغت روکنے کی ادویات
- Bellevue، Gouverneur، Jacobi، Judson، Lincoln اور Metropolitan امیں زچگی/ امراضِ نِسواں کی تصدیقی دیکھ بھال
- Lincoln میں آواز کی تربیت

Lincoln اور Metropolitan میں ہماری مندرجہ ذیل **جنسی تصدیق کرنے والی جراحیاں** ہیں:

- چھاتی کی جراحی
- بچہ دانی نکالنے کی جراحی
- بیضہ دانی کا جراحی سے اخراج
- بالوں کی آغازی لکیر کو نیچے کرنے کی جراحی
- ماتھے کی ہڈی کی تشکیلِ نو/آنکھوں کے اوپر ماتھے کی ہڈی کی ترتیبِ نو
- نچلے جبڑے کی جراحی (ٹھوڑی کو درست کرنے اور اس کے زاویے کی جزوی تراش)
- گلے کی ہڈی چھوٹی کرنے کی جراحی
- ناک کی پلاسٹِک جراحی
- رخساری ہڈی کو بڑھانے کی جراحی
- نتھنوں کے بیچ کی ہڈی کی جراحی

فراہم کردہ صحت کی دیکھ بھال کی خدمات کی مکمل فہرست اور ہر ایک جراحی کے علاوہ مالی معاونت اور بیمے کی مشاورت جیسے امور کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، یہاں کلک کریں۔

مقامات:

Brooklyn

WOODHULL
مریض کی عمر: بالغ (+18)
760 Broadway, Room 2B-151 (Main Floor)
Brooklyn, NY 11206
فون: 718-963-8068

Bronx

JACOBI
مریض کی عمر: تمام عمریں
1400 Pelham Parkway South, Building 8
1st Floor, Suite 1D, Bronx, NY 10461
فون: 718-918-7787

LINCOLN
مریض کی عمر: بالغ (+18)
234 East 149th Street, 8th Floor, Suite 8A
Bronx, NY 10451
فون: 718-579-5264

Manhattan

BELLEVUE
مریض کی عمر: بالغ (+18)
462 First Avenue, New York, NY 10016
فون: 212-562-8416

GOUVERNEUR
مریض کی عمر: بالغ (+18)
227 Madison Street, 2nd Floor
New York, NY 10002
فون: 212-441-5469
ای میل: gouvlgbtq@nychhc.org

JUDSON
مریض کی عمر: نوخیز اور نوجوان بالغ (29 برس تک)
34 Spring Street, New York, NY 10012
فون: 212-925-5000، آپشن 2

METROPOLITAN
مریض کی عمر: تمام عمریں
1901 First Avenue, 7th Floor South
New York, NY 10029
فون: 212-423-7292
ای میل: metlgbt@nychhc.org

HEALTHCARE EQUALITY INDEX
HUMAN RIGHTS CAMPAIGN FOUNDATION 2022
LGBTQ+ HEALTHCARE EQUALITY
LEADER

رابطے میں رہیں۔ ہمیں فالو کریں۔

nychealthandhospitals.org